The Absolute Reality
www.quran4u.com

إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ

بیشک انکو ہمارے پاس لوٹ کر آنا ہے پھر ہم ہی کو ان سے حساب لینا ہے

Quran With Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhari

(فتح محمد جالندهري)

سورة الغاشية

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ (1)

بھلا تم کو ڈھانپ لینے والی (قیامت) کا حال معلوم ہوا ہے؟

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ (2)

اس روز بہت سے منہ (والے) ذلیل ہوں گے

عَامِلَةٌ نَاصِبَةٌ (3)

سخت محنت کرنے والے تھکے ماندے

تَصْلَىٰ نَارًا حَامِيَةً (4)

دہکتی آگ میں داخل ہوں گے

تُسْقَىٰ مِنْ عَيْنٍ آنِيَةٍ (5)

ایک کھولتے ہوئے چشمے کا ان کو پانی پلایا جائے گا

لَّيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ إِلَّا مِن ضَرِيعٍ (6)

اور خاردار جھاڑ کے سوا ان کے لئے کوئی کھانا نہیں (ہو گا)

لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِي مِن جُوعٍ (7)

جو نہ فربہی لائے گا نہ بھوک میں کچھ کام آئے

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ (8)

اور بہت سے منہ (والے) اس روز شادماں ہوں گے

لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ (9)

اپنے اعمال (کی جزا) سے خوش دل

فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ (10)

بہشت بریں میں

لَّا تَسْمَعُ فِيهَا لَاغِيَةً (11)

وہاں کسی طرح کی بکواس نہیں سنیں گے

فِيهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ (12)

اس میں چشمے بہہ رہے ہوں گے

فِيهَا سُرُرٌ مَّرْفُوعَةٌ (13)

وہاں تخت ہوں گے اونچے بچھے ہوئے

وَأَكْوَابٌ مَوْضُوعَةٌ (14)

اور آبخورے (قرینے سے) رکھے ہوئے

وَنَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ (15)

اور گاؤ تکیے قطار لگے ہوئے

وَزَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ (16)

اور نفیس مسندیں بچھی ہوئی

أَفَلَا يَنْظُرُونَ إِلَى الْإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ (17)

کیا یہ لوگ اونٹوں کی طرف نہیں دیکھتے کہ کیسے (عجیب) پیدا کئے گئے ہیں

وَإِلَى السَّمَاءِ كَيْفَ رُفِعَتْ (18)

اور آسمان کی طرف کیسے بلند کیا گیا ہے

وَإِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ (19)

اور پہاڑوں کی طرف کہ کس طرح کھڑے کئے گئے ہیں

وَإِلَى الْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ (20)

اور زمین کی طرف کہ کس طرح بچھائی گئی

فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنْتَ مُذَكِّرٌ (21)

تو تم نصیحت کرتے رہو کہ تم نصیحت کرنے والے ہی ہو

لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ (22)

تم ان پر داروغہ نہیں ہو

إِلَّا مَن تَوَلَّىٰ وَكَفَرَ (23)

ہاں جس نے منہ پھیرا اور نہ مانا

فَيُعَذِّبُهُ اللَّهُ الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ (24)

تو خدا اس کو بڑا عذاب دے گا

إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ (25)

بے شک ان کو ہمارے پاس لوٹ کر آنا ہے

ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ (26)

پھر ہم ہی کو ان سے حساب لینا ہے

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com